Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN ®
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C
Zamzama Commercial Lane No. 02
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پاکستان میں حلال کا مروجہ نظام

ایک مسلمان کے لئے حلال کھانا فرض ہے اور جب یہ ذمہ دار بن جائے تو اس پر حلال کھلانا بھی فرض ہو جاتا ہے اور یہ سلسلہ جب اسلامی ریاست تک پہنچ جائے تو اس پر بھی فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی رعایہ کو حلال غذا کی فراہمی یقینی بنائے۔[1]

اسی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے آئین پاکستان ریاست پر لازم کرتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی شرعی ضروریات مکمل کرنے کا انتظام کرے[2]، اسی کا نتیجہ ہے کہ پاکستان میں 96 فیصد مسلمانوں کی آبادی ہے لہذا جب تک حلال کا وقف نظام وجود میں نہیں آیا تھا اس وقت بھی ریاستی تجارتی شعبوں کی پالیسیوں میں حلال و حرام کا خیال رکھا جاتا تھا , اسی وجہ سے آج تک پاکستان میں شراب، خنزیر کی امپورٹ منع ہے[3]۔ اسلامی ملک ہونے اور مسلمانوں کی اکثریت ہونے کی وجہ سے یہاں خاص کر ذبح صرف مسلمان کرتا ہے۔

میں انتہائی ذمہ داری کے ساتھ یہ دعوی کرتا ہوں کہ پاکستان کے پاس حلال کا مکمل نظام موجود ہے۔ اور ایسا جامع نظام شاید ہی کسی اسلامی ملک کے پاس موجود ہو، جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

پاکستان کے حلال نظام کا ڈھانچہ فیڈرل حکومت کے تحت بنیادی پانچ ستونوں پر قائم ہے اور صوبائی حکومت کا بھی اس میں حصہ ہے غرض یہ کہ ہمارا حلال کا نظام دو سطحوں پر تقسیم ہے، وفاقی اور صوبائی۔ سب سے پہلے وفاقی ڈھانچے کو ذکر کرنا چاہوں گا۔

پاکستان میں اس وقت حلال کا نظام منسٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے تحت ہے جس میں شامل ہیں:

---

[1] الَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ )الحج- (41

یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو زمین میں اقتدار بخشیں تو یہ قائم کریں گے نماز کو اور ادا کریں گے زکوٰۃ کو اور حکم دیں گے نیکی کا اور روکیں گے برائی سے اور اللہ ہی کے اختیار میں ہے سب کاموں کا انجام.

وَالْمُرَادُ مِنْ هَذَا التَّمَكُّنِ السَّلْطَنَةُ وَنَفَاذُ الْقَوْلِ عَلَى الْخَلْقِ

اس آیت میں تمکین وقدرت سے مراد سلطنت اور اپنی بات کا عام لوگوں پر نافذ کرنے کی طاقت مراد ہے۔

تفسير الرازي = مفاتيح الغيب أو التفسير الكبير(230 /23)

[2] آئین پاکستان، شق30

[3] Import Policy Order 2020 (Table of Banned Items)
https://www.commerce.gov.pk/wp-content/uploads/2020/09/Import-Policy-Order-25-09-2020.pdf

## پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی(PSQCA)

## پاکستان نیشنل ایکریڈیٹیشن کونسل(PNAC)

## پاکستان حلال اتھارٹی(PHA)

## پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ(PCSIR)

## سرٹیفکیشن باڈیز (Halal certification bodies)

## پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی(PSQCA)

پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی 1996 کے ایکٹ[4] کے تحت پاکستان میں معیار سازی کا مجاز ادارہ ہے[5] اور عالمی معیار سازی کے اکثر اداروں کا ممبر ہے[6] اور اسی طرح یہ ادارہ حلال معیار سازی میں او آئی سی سمیک کا ایک اہم رکن ہے[7] جہاں عالم اسلام کے لئے حلال معیار سازی کی جا رہی ہے۔

اس ادارے نے حلال سے متعلق کئی معیار[8] بنائے ہیں جن پر پروڈکٹ سرٹیفکیشن اور ایکریڈیٹیشن گزشتہ دس سال سے کی جا رہی ہے۔

---

[4] http://updated.psqca.com.pk/about-us/psqcs-act-1996/
[5] http://updated.psqca.com.pk/about-us/
[6] Global Affiliation - PSQCA
[7] https://www.smiic.org/en/member/20
[8] http://updated.psqca.com.pk/division-wise-standards/halaal/

PS: 3733-2019 Part 1 Halaal Management System-Fundamentals and Vocabulary
PS: 3733-2019 Part 2 Halaal Management Systems Requirements for any organizations in the Food Chain (4th Revision)
PS: 3733-2019 Part 3 Halaal Management Systems Requirements for Animals Slaughtering
PS: 3733-2019 Part 4 Halaal Management Systems Requirements for Poultry/Birds Slaughtering
PS: 5319: 2014 Pakistan Standard for General Guidelines for Halaal Cosmetics and Personal Care Products
PS:4992-2016 Pakistan Standard for conformity assessment – Requirements for bodies providing Halaal Certification Services
PS: 5241-2013 Pakistan Standard General Requirements for the Accreditation Body Accrediting Halaal Certification Bodies
PS: 247-2013 Pakistan Standard Edible Halaal Gelatin
PS: 5401-2017 Pakistan Standard – Principles for food import and export inspection and certification

پاکستان کے حلال معیارات کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ خالص شرعی اصولوں کو پورا کرنے میں انتھائی مددگار ثابت ہوتے ہیں مثلا:

پاکستان کا معیار دنیا کا واحد معیار ہے جس پر سرٹیفائیڈ پروڈکٹ اس وقت موجودہ تمام حلال معیارات پر پورا اترتی ہے مثلا:

- پاکستان کا حلال معیار ذبحہ سے پہلے کسی بھی قسم کی سٹننگ سے منع کرتا ہے اور سٹننگ کسی بھی حلال معیار میں پسندیدہ عمل نہیں۔
- پاکستان کا حلال معیار مشینی ذبیحہ منع کرتا ہے صرف ہاتھ کا ذبح قبول کرتا ہے اور ہاتھ کے ذبح میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں۔
- پاکستان کا موجودہ دور کے اہل کتاب کے ذبیحہ کو منع کرتا ہے اور صرف مسلمان ذابح ہونا شرط قرار دیتا ہے، اور ذابح کا مسلمان ہونا تمام فقہاء کے ہاں پسندیدہ ہے کسی کا کوئی اختلاف نہیں۔
- ہر قسم کے کیڑے مکوڑوں کو غذا میں استعمال سے منع کرتا ہے اس پر بھی جمہور فقہاء کا اتفاق ہے سوائے امام مالک رحمہ اللہ کے وہ بھی کیڑوں کا نام لے کر جواز کے قائل نہیں لہذا، حشرات الارض کے کھانے کو ترک کردینے میں کسی کا اختلاف نہیں[9]۔

اس کے مقابلہ میں دیگر اسلامی ممالک کے حلال معیارات (جو چند ہی ہیں) کسی نہ کسی حد تک اپنی بعض انتظامی مجبوریوں کی وجہ سے مذکورہ بالا امور کی اجازت دیتے ہیں۔

پاکستان کے حلال معیارات میں شرعی احکامات کے ساتھ ساتھ منیجمنٹ سسٹم اور فوڈ سیفٹی کو بھی شامل کیا گیا ہے جو اسے دیگر حلال معیارات سے منفرد بناتا ہے، یہ ہی وجہ ہے کہ او آئی سی سمیک میں "حلال فارما" کا جو معیار بن رہا ہے اس کے ریفرنس ڈاکومنٹ میں پاکستان کا حلال معیار رکھا گیا ہے[10]۔

---

PS:5400-2017 Pakistan Standard- Guidelines for the exchange of information between countries on rejection of imported food
PS:5442:2019 Pakistan Standard-General Requirements for Halaal Health Care Products
PS:5420-2018 Pakistan Standard-Guidelines for Settling Disputes over Analytical (Test) Results

[9] حلال معیارات میں اختلاف-حقیقت-اسباب-تجاویز : Mufti Yousuf Abdul Razzaq : Free Download, Borrow, and Streaming : Internet Archive صفحہ 116
Variations in Halal Standards: Actuality, Causes, Proposals: Abdul-Razzaq, Mufti Yousuf: 9798621706968: Amazon.com: Books

[10] PS:5442:2019 Pakistan Standard-General Requirements for Halaal Health Care Products

## پاکستان نیشنل ایکریڈیٹیشن کونسل (PNAC)

معیار کو سرٹیفکیشن باڈی انڈسٹری پر اپلائی کرتی ہے اس لیے ضرورت اس امر کی تھی کہ سرٹیفکیشن باڈیز کے لئے ایک معیاری ادارہ ہو جو انکی قابلیت کو جانچ سکے اور پرکھ سکے اور اس کے نتیجے میں حکومتی سطح پر ان اداروں کو توثیق جاری کرے، اس کام کو بخوبی انجام دینے کے لیے جو ادار قائم ہے وہ "پاکستان نیشنل ایکریڈیٹیشن کونسل (PNAC) ہے جو 2017 کے ایکٹ[11] کے تحت کام کرتا ہے۔ یہ ادارہ بھی کئی عالمی ایکریڈیٹیشن فورمز کا ممبر ہے[12] اور سن 2012 سے حلال کی ایکریڈیٹیشن کرنے والا دنیا کا پہلا ادارہ ہونے کا اعزاز رکھتا ہے[13]۔ یہ ادارہ پاکستان کے حلال معیار PS:4992 پر حلال ایکریڈیٹیشن (توثیق) کرتا ہے۔ حلال کے دیگر معیارات کی طرح PS:4992 بھی شرعی احکامات کے ساتھ ساتھ عالمی معیارات[14] کو ساتھ رکھتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے تاکہ حلال کی ایکریڈیٹیشن کسی بھی حوالے سے کم تر نہ ہو۔

## پاکستان حلال اتھارٹی (PHA)

یہ ادارہ حلال کا ریگولیٹر ہے جو 2016 کے ایکٹ[15] کے تحت حلال امپورٹ، ایکسپورٹ کو مونیٹر کرے گا۔ ایکسپورٹ کے لئے مقامی تمام سرٹیفکیشن باڈیز کو اس سے رجسٹرڈ ہونا ہو گا اور وہ تمام اشیاء جو حلال کے دعویٰ کے ساتھ ملک سے ایکسپورٹ ہونا چاہتی ہیں ان سب کا اس ادارے (PHA) سے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہو گا، اسی طرح ملک میں داخل ہونے والی اشیاء، داخلی وخارجی استعمال میں آنے والی اشیاء اگر دنیا میں کہیں سے بھی حلال سرٹیفائیڈ ہیں تو ان کی سرٹیفکیشن باڈیز کا اس ادارہ سے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہو گا۔

**نوٹ:** یہ ادارہ اس وقت فعال ہونا شروع ہوا ہے اور وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے تحت ہے امید کی جارہی ہے کہ اسے وزارت صنعت کے تحت منتقل کر دیا جائے۔

---

11 https://www.pnac.gov.pk/page/PNAC-Act-2017/

12 https://www.pnac.gov.pk/page/Introduction-to-PNAC/

13 Pakistan National Accreditation Council (PNAC) is the first Accreditation Body in the World that has launched “Halal Accreditation” Scheme in 2012. https://www.pnac.gov.pk/page/Introduction-to-PNAC/

14 ISO 9000 Quality Management Systems — Fundamentals and Vocabulary
ISO/IEC 17000 Conformity Assessment — Vocabulary and General Principles
ISO/IEC 17021 Conformity Assessment — Requirements for bodies providing audit and certification of management systems
ISO/IEC 17065 Conformity Assessment — Requirements for bodies certifying products, processes and services
ISO 19011, Guidelines for quality and/or environmental management systems auditing,
ISO 22000, Food safety management systems - Requirements for any organization in the food chain,
ISO/TS 22003, Food safety management systems - Requirements for bodies providing audit and certification of food safety management systems.

15 http://www.pakistanhalalauthority.org.pk/

## پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ(PCSIR)

یہ ادارہ بھی 1973 کے ایکٹ[16] کے تحت کام کرتا ہے گزشتہ کئی سالوں کی محنت کے نتیجہ میں حلال و حرام سے متعلق تمام بنیادی ٹیسٹ کرتا ہے اور حسب ضرورت سرٹیفکیشن باڈیز اس سے تعاون حاصل کرتی ہیں۔

## سرٹیفکیشن باڈیز (Halal certification bodies)

اس وقت پاکستان میں PNAC سے ایکریڈیٹڈ[17] 8 سرٹیفکیشن باڈیز[18] (حلال کی شہادت دینے والے ادارے) ہیں۔ کم و بیش 500 سے زائد کمپنیاں اور 10 ہزار سے زائد مصنوعات حلال سرٹیفائیڈ ہو چکی ہیں جن کے تحت حلال غذا، مشروبات، ادویات، پیکیجنگ، رنگوں سمیت تقریباً انڈسٹری کے تمام شعبے منسلک ہیں۔

## حلال کا صوبائی ڈھانچہ

اس وقت پاکستان میں صوبائی سطح پر بھی تقریباً چار فوڈ اتھارٹیز کام کر رہی ہیں۔

سندھ فوڈ اتھارٹی[19]، بلوچستان فوڈ اتھارٹی[20]، پنجاب فوڈ اتھارٹی[21]، خیبر بختون خواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی[22]

یہ تمام اتھارٹیز اپنے اپنے صوبوں میں فوڈ سیفٹی کے ساتھ ساتھ حلال و حرام اشیاء پر بھی نظر رکھتی ہیں جس کا اظہار ان کے ایکٹس، گائیڈ لائنز، نوٹیفکیشن میں نظر آرہا ہوتا ہے۔

مذکورہ بالا تفصیلات کی روشنی میں اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں کتنا بڑا اور اعلیٰ حلال کا انتظامی ڈھانچہ موجود ہے جو گزشتہ ایک دہائی سے مصروف عمل ہے۔

اس سب کے باوجود پاکستان دیگر مسلمان ممالک جن کے پاس کچھ حلال کا جدید نظام موجود ہے یا بہت محدود ہے اور وہاں کی حلال انڈسٹری پاکستان اپنی اشیاء فروخت کرنا چاہتی ہیں تو انہیں سہولت دینے کے لئے پاکستان نے سن 2019 میں SRO237[23] جاری کیا

---

[16] http://www.pcsir.gov.pk/?pg=1002
[17] http://www.pnac.gov.pk/HalalCertificationBodies
[18] http://www.pnac.gov.pk/HalalCertificationBodies
[19] http://sfa.gos.pk/wp-content/uploads/2018/12/Sindh-Act-No.XIV-of-2017.pdf
[20] https://pabalochistan.gov.pk/pab/pab/tables/alldocuments/actdocx/2018-10-23%2014:46:22act062014.pdf
[21] http://punjablaws.gov.pk/laws/2460.html
[22] FS&HFA | Download page (kpfsa.gov.pk)
[23] https://www.commerce.gov.pk/wp-content/uploads/2019/02/20190219.pdf

تھاجو ابھی تک ہماری امپورٹ پالیسی[24] کا حصہ بھی ہے کہ جو بھی او آئی سی ممالک کے ممبر ملک ہیں اگر وہاں کے ایکریڈیٹڈ ادارے سے توثیق شدہ حلال کا سرٹیفکیٹ پروڈکٹ کے ساتھ آئیگا تو اسے پاکستان قبول کرے گا جو کہ تاحال قابل عمل ہے۔

امید رکھتا ہوں کہ ایک سے دو سال میں پاکستان ایک منفرد حیثیت رکھتے ہوئے حلال کی دنیا میں اپنا مخصوص مقام حاصل کر لے گا۔

اللہ تمام اسلامی ممالک کو حلال کے شعبہ میں فکر کے ساتھ خدمت کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

دعا گو

مفتی یوسف عبد الرزاق

مدیر ادارہ سنحا پاکستان

SANHA Halal Associates Pakistan Pvt. Ltd.

Mobile: +92 (0) 333 365 3655

Email : karachi@sanha.org.pk

Website: www.sanha.org.pk

[24] https://www.commerce.gov.pk/wp-content/uploads/2020/09/Import-Policy-Order-25-09-2020.pdf